بھی لائق تحسین ہیں کہ انہوں نے اس قیمتی سرمایہ کو پاکستان میں اہل علم کے لئے مہیا فرمایا اور اس کو حسن طباعت سے آراستہ کیا۔ (مبصر: محمد اسلام حقانی)

● کفایة الحکمة اردو شرح ھدایة الحکمة ...... مؤلف: مولانا مفتی محمد صابر حقانی

ضخامت ۲۳۵ صفحات .... ناشر: مؤتمر المصنفین جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

مولانا مفتی صابر حقانی جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے ہونہار فاضل اور اس وقت جامعہ مخزن العلوم لورالائی بلوچستان کے استادالحدیث کے منصب پر فائز ہیں، ایک وسیع المطالعہ جید عالم دین، قدیم اور جدید فلسفہ پر کافی مہارت ودسترس اور دس سالہ تدریسی تجربہ بھی رکھتے ہیں اور ساتھ لکھنے لکھانے، تصنیف وتالیف کا بھی اچھے ذوق کے حامل ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب کفایة الحکمة اردو شرح ھدایة الحکمة ان کے اسی ذوق تحریر کا آئینہ دار ہے۔ ھدایة الحکمة درجہ خامسہ میں ایک انتہائی مشکل کتاب ہے جس کی عام فہم شرح کی ضرورت عرصہ دراز سے محسوس کی جارہی تھی، اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے برادرم مولانا مفتی محمد صابر حقانی نے اس کی شرح لکھ کر طلباء ھدایة الحکمة پر احسان فرمایا، یہ شرح کافی خوبیوں کی حامل ہے، عربی عبارت کے فوراً بعد اس کی آسان تشریح عام فہم انداز میں پیش کی ہے اور امثلہ بھی خوبصورت پیرائے میں پروئے ہیں۔ فاضل مؤلف چونکہ خود ماہر فلسفہ ہیں اور ساتھ مغربی فلسفہ سے بھی آگاہی رکھتے ہیں اس لئے ان کی مہارت اس علمی کتاب کے ہر صفحہ پر نمایاں ہے۔ مزید اسکی چاشنی، سہل نگاری، سلاست اورروانی قارئین خود محسوس کریں گے گویا کہ یہ ھدایة الحکمة کی ایک کلید ہے، طلباء اور مدرسین دونوں کیلئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے، کتاب کی کمپوزنگ اور طباعت بھی معیاری ہے، اللہ کتاب کو شرف قبولیت سے نوازے اور مؤلف کو مزید علمی خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔ (مبصر: مولانا محمد اسلام حقانی)

● امام اعظم ابوحنیفہؒ کا شرف تابعیت ...... مؤلف: حافظ ظہور احمد الحسینی

ضخامت: ۱۴۴ صفحات ...... ناشر: خانقاہ امدادیہ مدرسہ عربیہ حنفیہ تعلیم الاسلام حضرو اٹک

زیر تبصرہ کتاب ''امام اعظم ابوحنیفہؒ کا شرف تابعیت'' مولانا ظہور الحسینی صاحب کی کاوش ہے، اس سے قبل امام اعظمؒ پر ان کی کئی کتابیں سامنے آچکی ہے، مولانا کو اللہ نے اعلیٰ علمی ذوق تصنیف سے مالامال فرمایا ہے۔ خصوصاً دفاع حنفیت ان کا خاص موضوع ہے اور افراط وتفریط کے اس دور میں اسی موضوع پر لکھنا ایک اہم ضرورت بھی ہے، یہ کتاب بھی ان کے حسن ذوق کی آئینہ دار ہے، مؤلف نے اس کاوش میں اس موضوع کا حق ادا کیا ہے اور امام اعظمؒ کے فضائل، اوصاف وکمالات کا خوب تذکرہ کیا ہے اور امام اعظمؒ کے شرفِ تابعیت پُرزور دلائل سے ثابت کیا ہے، امام اعظمؒ کی شرف تابعیت سے منکر حضرات کے تمام اعتراضات کے تسلی بخش جوابات بھی اسی کتاب کا حصہ ہے۔ کتاب کی طباعت، کمپوز اور کاغذ سب اعلیٰ سے اعلیٰ تر ہے، اللہ مؤلف کی اس کاوش کو قبولیت عامہ سے نوازے۔ آمین